## سوال

(307) بڑی مسجد میں نماز پڑھنے کا زیادہ ثواب ہے یا چھوٹی مسجد میں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بڑی مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کا زیادہ ثواب ہے یا چھوٹی مسجد میں یا دونوں کا ثواب برابر ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جماعت کے اندر آدمیوں کی تعداد جس قدر زیادہ ہوگی اتنا ہی ثواب زیادہ ہوگا۔

عن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قال : قال رسول اللہ ﷺ صلاة الرجل مع الرجل ازکی من صلاتہ وحدہٗ وصلاتہ مع الرجلین ازکی من صلاتہ مع الرجل وما کان اکثر فھواحب اِلی اللہ عزوجل ''ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''دو آدمیوں کی نماز ایک آدمی کی نماز سے بہتر ہے اور تین آدمیوں کی نماز دو آدمیوں کی نماز سے بہتر ہے اور جتنے نمازی زیادہ ہوتے ہیں وہ نماز اللہ کو اتنی ہی پیاری ہے۔'' (رواہ ابوداؤد والنسائی وصححہ ابن حبان بحوالہ بلوغ المرام ، باب صلوة الجماعة والامامة، کتاب الصلوٰة النسائی، کتاب الامامة، الجماعة إذا کانوا ثنتین ، ابوداوٗد، کتاب الصلاة، باب فی فضل صلاة الجماعة)

# فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاۃ جلد 1